**چانسلر کا ضابطہ**

نمبر: A-449
موضوع: **بوجه تحفظ تبادلے**
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 9 مارچ، 2011

**تبدیلیوں کا خلاصہ**

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-449 مورخہ 20 جون، 2012 کی جگہ ہے اور اسے منسوخ کرتا ہے۔

تبدیلیاں:

- رابطہ معلومات کی تجدید کی گئی ہے۔

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-449

موضوع: بوجہ تحفظ تبادلے
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 9 مارچ، 2011

## خلاصہ

یہ ضابطہ بوجہ تحفظ تبادلوں کی اجازت دینے کے طریقہ ہائے کار کا تعین کرتا ہے (1) جب طلبا اسکول کی املاک کے اندر کسی پُرتشدد مجرمانہ کارروائی کا شکار ہوں؛ اور (2) دوسرے حالات میں، جب یہ تعین ہو جاتا ہے کہ طالب علم کا بدستور اسی اسکول میں رہنا اس طالب علم کے لئے غیر محفوظ ہے۔

## I. تعارف

A. یہ ضابطہ اس بات کے تعین کے طریقہ کار کو بیان کرتا ہے کہ آیا طلبا کو بوجہ تحفظ تبادلے کی منظوری دی جائے۔

B. کوئی بچہ پیچھے نہ چھوڑے ایکٹ (No Child left behind Act) کے تحت بوجہ تحفظ تبادلے: کوئی بچہ پیچھے نہ چھوڑے ایکٹ کے مطابق، اپنے اسکول کے احاطے میں کسی پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہونے والے طالبِ علم کو لازمی طور پر اس بات کی اطلاع دی جائے کہ اسے کسی محفوظ اسکول میں اپنا تبادلہ کروانے کا حق حاصل ہے۔ اگر طالبِ علم ایسے تبادلے کی درخواست کرتا ہے تو، ایسی صورت میں اسے لازمی طور پر منظور کیا جائے اگر اس بات کا تعین ہو جاتا ہے کہ طالبِ علم اسکول کے احاطے میں پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا ہے۔

C. دیگر بوجہ تحفظ تبادلے: ایک طالب علم ایک بوجہ تحفظ تبادلے کی ایسی صورت میں گزارش کرسکتا ہے جہاں طالب علم اسکول کے احاطے میں ایک پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار نہ ہوا ہو۔ ایسی گزارش کی اجازت دی جاسکتی ہے جہاں یہ تعین کیا جاتا ہے کہ طالب علم کی اسکول میں بدستور موجودگی طالب علم کے لیے غیرمحفوظ ہے۔

## II. پُرتشدد مجرمانہ عمل کے شکار طلبا کے لئے کوئی بچہ پیچھے نہ چھوڑے ایکٹ کے تحت بوجہ تحفظ تبادلے

A. قانون میں "پُرتشدد مجرمانہ عمل" کی وضاحت درج ذیل طریقے سے کی گئی ہے:

1. ریاستی تعزیراتی قانون کے مطابق ایسا جرم جس سے دوسرے فرد کو سنگین جسمانی چوٹ پہنچائی گئی ہو ( جیسے، مارپیٹ، آگ زنی)؛ یا [1]
2. جنسی جرم جس میں جبر یا زبردستی کی گئی ہو (جیسے زنا بالجبر،لواطت، جنسی بدفعلی)؛ یا
3. تعزیرات میں بیان کردہ کوئی دیگر جرم جس میں کسی مہلک ہتھیار کا استعمال یا استعمال کی دھمکی شامل ہو۔[2]

---

[1] تعزیراتی قانون 10.00 (10) کے مطابق ''سنگین جسمانی چوٹ'' ایسی ''جسمانی چوٹ ہے جس کے سبب کافی حد تک موت کا خطرہ ہو، یا جس کی وجہ سے موت ہو جائے یا شکل میں سنگین اور مستقل نقص پیدا ہوجائے، صحت کو طویل مدتی نقصان ہو یا جسم کے کسی عضو کی کارکردگی کو دیرپا نقصان پہنچے یا اس میں نقص پیدا ہو جائے۔''

[2] تعزیراتی قانون 10.00 (10) کے مطابق ''مہلک ہتھیار'' کا مطلب ''کوئی بھرا ہوا ہتھیار، جس سے ہونے والے فائر کے سبب موت یا دیگر سنگین جسمانی چوٹ پہنچ سکتی ہو، یا بٹن والا چاقو، لمبے پھل والا چاقو، پیلم بیلاسٹک چاقو، دھات کا جوڑ دار چاقو، خنجر، ڈنڈا (بلی)، بلیک جیک، یا دھات کا جوڑ دار چھلا ہوسکتا ہے۔''

B. اگر اسکول کے اہلکاروں کو معلوم ہو کہ شاید کوئی طالبِ علم اسکول کے احاطے میں کسی پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا ہے تو پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر پوری تحقیقات کرے گا اور چانسلر کے ضابطے
A-412 اور A-443 کے مطابق موزوں کارروائی کرے گا۔ ساتھ ہی، فوری طور پردرج ذیل اقدامات کیے جانے لازمی ہیں۔

1. پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر NYPD، ہنگامی اطلاع کے مرکز ("EIC") اور طالبِ علم کے والدین کو واقعے کی اطلاع دیں گے۔
2. اس بات کے تعین کے لئے کہ آیا طالب علم پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا ہے یا نہیں (جیسا کے اوپر بیان کیا گیا ہے)، پرنسپل لازمی طور پر NYPD سے رابطہ کریں گے۔ NYPD کے اسکول کے حفاظتی شعبے کے ساتھ درج ذیل کے طریقہ کار تعین کیے گئے ہیں۔
   a. اگر پرنسپل/ نامزد فرد کا خیال ہے کہ طالب علم ایک پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا ہے، پرنسپل/ نامزد فرد کو اسکول سے وابستہ پریسنکٹ میں تفویض کردہ NYPD کے اسکول کے حفاظتی سارجنٹ سے رابطہ کرنا لازمی ہے۔ اگر اسکول کا حفاظتی سارجنٹ دستیاب نہیں ہے، پرنسپل / نامزد فرد کو پریسنکٹ کمانڈر یا اسکے نامزد کردہ سے مشورہ کرنا لازمی ہے۔
   b. پرنسپل/ نامزد فرد کے لیے اسکول کا نام اور/ یا نمبر، تاریخ، وقت، اور واقعے کا مقام، اور متاثر فرد (افراد) کا نام بتانا لازمی ہے۔
   c. اسکول کی تحقیقات کے ایک اسکولی دن کے اندر، NYPD زبانی طور پر اس بات کی تصدیق کرے گا کہ آیا وہ مذکورہ بالا کے مطابق اس الزام کی تفتیش کر رہے ہیں کہ طالب علم اسکول کی املاک کے اندر پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا ہے۔ NYPD کے ذریعہ تحریری طور پر بھی اس کی تصدیق کی جائے گی۔[3]
   d. NYPD سے زبانی تصدیق وصول ہونے کے 24 گھنٹوں کے اندر، پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر برو ڈائریکٹر برائے معطلی کو جو بطور دفتر برائے اسکول اور نوجوانان فروغ (OSYD) کے چیف ایکزیکٹیؤ آفیسر (CEO) کے خدمات انجام دیتے ہیں، مطلع کریں گے اور تمام متعلقہ تفصیلات فراہم کریں گے۔ تمام دستاویزات (گواہوں کے بیانات، واقعے کی رپورٹس وغیرہ) کو برو ڈائریکٹر برائے معطلی کے جائزے کے لیے دستیاب ہونا لازمی ہے۔
   e. پرنسپل/ نامزد فرد سے اطلاع موصول ہونے کے 24 گھنٹوں کے اندر، برو ڈائریکٹر برائے معطلی لازمی طور پر اس بات کا تعین کرے گا کہ آیا اس بات پر یقین کرنے کی معقول وجہ ہے کہ اسکول کے احاطے میں طالب علم پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا تھا۔ برو ڈائریکٹر برائے معطلی یہ فیصلہ کرنے میں دفتر برائے قانونی خدمات سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ اثباتِ جرم یہ تعین کرنے کے لیے مطلوب نہیں ہے کہ یہ یقین کرنے کی وجہ ہے کہ طالب علم پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا تھا۔
   f. اگر برو ڈائریکٹر برائے معطلی اس بات کا تعین کرتا ہے کہ اس بات پر یقین کرنے کی معقول وجہ ہے کہ طالب علم اسکول کے احاطے میں پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا ہے تو، وہ طالب علم تبادلے کا مستحق ہے۔
3. یہ تعین کرنے کے 24 گھنٹوں کے اندر کہ طالب علم اسکول کے احاطے میں پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا ہے اور اسلئے تبادلے کا مستحق ہے، برو ڈائریکٹر برائے معطلی کو طالب علم کے ایک دوسرے پبلک اسکول میں تبادلے کے حق کے بارے میں والدین کو تحریر میں مطلع کرنا لازمی ہے (منسلکہ نمبر 1 ملاحظہ کریں)۔ یہ اطلاع نامہ[4] بذریعہ ذاتی سپردگی، بذریعہ ایکسپریس ڈاک یا

---

[3] NYPD کے ذریعے موصول ہونے والی معلومات کو صرف اس دستاویز میں خاکہ کش کیے گئے مقاصد کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔
[4] اس دستاویز سے متعلق بھیجے جانے والا کوئی بھی خط، جہاں تک ممکن ہو، والدین کی نمایاں زبان یا ابلاغ کے طریقے میں ہونا چاہیئے۔ ایسی صورتوں میں جب خط کا مکمل ترجمہ حاصل کرنا ممکن نہ ہو، اسے اس بیان کے ساتھ والدین کی نمایاں زبان میں ایک نوٹس کے ہمراہ انگریزی میں بھیجنا چاہیئے "منسلکہ خط میں آپکے بچے کے بارے میں اہم معلومات ہے۔ براہِ مہربانی اسکا جتنی جلد ممکن ہو ترجمہ کروالیں۔"

دیگر مساوی نوعیت کے ابلاغی ذرائع سے فراہم کیے جانے چاہییں جنکی تعین کرنے کے 24 گھنٹوں کے اندر ایسے اطلاع نامے یقینی پہنچنے کا مناسب اندازہ لگایا گیا ہو (مثلاً بذریعہ فیکس یا ای میل)

a. برو ڈائریکٹر برائے معطلی کو یہ درخواست کرنی چاہیئے کہ والدین اس نوٹس کی وصولی کے پانچ دنوں کے اندر برو ڈائریکٹر برائے معطلی کو اس بات کی اطلاع دیں کہ آیا والدین تبادلے کے انتخابات کے بارے میں بات کرنا چاہتے ہیں۔

b. اگر والدین پانچ دنوں کے اندر جواب نہیں دیتے ہیں تو، برو ڈائریکٹر برائے معطلی کے لیے والدین سے رابطہ کرنا لازمی ہے۔

c. اگر والدین تبادلہ کروانا چاہتے ہیں، برو ڈائریکٹر برائے معطلی کو دفتر برائے طالب علم اندراج ("طالب علم اندراج کے") ، ایکزیکٹو ڈائریکٹر برائے برو اندراج / نامزد فرد والدین کو پیشکش کرنے کے لیے ایک تبادلہ مقام منتخب کریں گے۔ ضلع 75 پبلک اسکول ترتیبوں میں، برو ڈائریکٹر برائے معطلی ضلع 75 کے ڈائریکٹر برائے تقرری کے ساتھ مشاورت میں والدین کو پیش کرنے کے لیے ایک تبادلہ مقام منتخب کریں گے۔ جس حد تک ممکن ہو، طالب علم کو ایک ایسے اسکول میں منتقل کرنا چاہیئے جو کوئی بچہ پیچھے نہ چھوڑے ایکٹ میں قائم کیے گئے معیارات کے مطابق مناسب سالانہ پیشرفت کررہا ہے اور اسکی بہتری، اصلاحی عمل یا تشکیلِ نو کے ضرورتمند اسکول کے بطور نشاندہی نہ ہوئی ہو۔

d. برو ڈائریکٹر برائے معطلی کو والدین کو یہ تعین ہونے کے دس کیلنڈر دنوں کے اندر مطلع کرنا لازمی ہے کہ اس بات پر یقین کرنے کی معقول وجہ ہے کہ طالب علم اسکول کے احاطے میں پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار ہوا تھا۔

برو ڈائریکٹر برائے معطلی کو والدین کی جانب سے اجازت ملنے کے بعد تبادلے کے مقام کو بھی مطلع کرنا چاہئیے کہ طالب علم کو وہاں منتقل کیا جا رہا ہے۔

e. تبادلہ ہونے والے طلبا کو لازمی طور پر موجودہ پالیسیوں اور ضابطوں کے مطابق نقل و حمل کی سہولت فراہم کی جائے۔

f. اگرچہ طالب علم کے والدین کو طالب علم کے تبادلے کا موقع پیش کرنا لازمی ہے تاہم، وہ اپنے بچے کو بدستور اسی اسکول میں رکھنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

4. پرنسپل/ نامزد افراد اور برو ڈائریکٹر برائے معطلی لازمی طور پر نفاذ قانون کے اہلکاروں کے ساتھ اپنی مشاورت کے ساتھ ساتھ والدین کو اطلاع دینے، پولیس رپورٹ، وغیرہ سے متعلق موزوں دستایزات رکھیں گے۔

## III. دیگر بوجہ تحفظ تبادلے:

A. بوجہ تحفظ تبادلے ایسی صورت میں بھی دستیاب ہیں جب طالب علم اسکول کے احاطے میں کسی طرح کے پُرتشدد مجرمانہ عمل کا شکار نہ بھی ہوا ہو۔ اگر طالب علم کے والدین نے ایک بوجہ تحفظ تبادلے کی گزارش کی ہے اور یہ تعین کیا جاتا ہے کہ اسکول میں طالب علم کی بدستور موجودگی طالب علم کے لیے غیرمحفوظ ہے۔ طالبانہ اندارج کے منتظم اعلٰی برائے برو اندراج / نامزد فرد کو یہ فیصلہ پرنسپل / نامزد فرد کی ایک سفارش کے بعد کرنا چاہیئے۔ پبلک اسکولوں کی ترتیبوں میں ضلع 75 کے طلبا کے لیے، ضلع 75 ڈائریکٹر برائے تقرری یہ فیصلہ ضلع 75 کے پرنسپل / نامزد کردہ کی ایک سفارش کے بعد کریں گے۔

B. اگر درخواست میں ایک اسکول سے متعلقہ تحفظاتی واقعہ ملوث ہے، پرنسپل / نامزد فرد کو یہ یقینی بنانا چاہیئے کہ ایک مکمل تفتیش انجام دی گئی تھی، ایک واقعات کی رپورٹ تیار کی گئی تھی، ملوث فریقین کی جانب سے بیانات لیے گئے تھے اور گواہان حاضر کیے گئے تھے، اور چانسلر کا ضابطہ A-412 اور A-443 کے مطابق تادیبی کارروائی کی گئی تھی۔ اگر واقعے کی نوعیت مجرمانہ تھی، پرنسپل / نامزد فرد کو والدین سے ایک پولیس رپورٹ کی گزارش کرنی چاہیئے۔ درخواست کی تخشیص کرتے وقت، پرنسپل / نامزد فرد کو تفتیش کے نتائج اور تمام معاونتی دستاویزات کا جائزہ لینا چاہیئے۔

C. والدین کے ذریعہ بوجہ تحفظ تبادلے کی درخواست کی موصولی کے 48 گھنٹوں کے اندر پرنسپل/ نامزد فرد

لازمی طور پر طالبانہ اندراج کے مساعد اعلی برائے برو اندراج / نامزد فرد کو اس بات کی سفارش پیش کریں گے کہ آیا ان کی رائے میں بوجہ تحفظ تبادلے فراہم کیا جانا چاہئے یا نہیں (منسلکہ نمبر 4 دیکھیں)۔
پرنسپل/ نامزد فرد کے لیے طالبانہ اندراج کے مساعد اعلی برائے برو اندراج / نامزد فرد کو درج ذیل دستاویزات فراہم کرنا لازمی ہے:

1. بوجہ تحفظ تبادلے کے داخلے کا فارم (منسلکہ نمبر 3 دیکھیں)؛
2. تفتیش کا خلاصہ (منسلکہ نمبر 4 دیکھیں)؛
3. اسکول میں ہونے والے واقعے کے رپورٹ کی نقل؛ اور
4. پولیس رپورٹ کی نقل

D. پرنسپل/ نامزد فرد کی سفارشات اور دیگر دستاویزات کی وصولی کے ایک ہفتے کے اندر، طالبانہ اندراج کے مساعد اعلی برائے برو اندراج / نامزد، برو تحفظاتی ڈائریکٹر کی مشاورت سے جو بطور دفتر برائے اسکول اور نوجوانان فروغ (OSYD) کے چیف ایکزیکٹیؤ آفیسر (CEO) کے خدمات انجام دیتے ہیں، لازمی طور پر اس بات کا تعین کریں گے کہ آیا بوجہ تحفظ تبادلہ منظور کیا جارہا ہے یا نہیں اور اس تعین کے بارے میں والدین کو تحریری اطلاع دینا لازمی ہے۔

ضلع 75 پبلک اسکول ترتیبوں میں طلبا کے لیے، ضلع 75 ڈائریکٹر برائے تقرری کو یہ فیصلہ کرنا چاہیئے کہ آیا بوجہ تحفظ تبادلے کی اجازت دی جائے اور اگر ایسا فیصلہ کیا جاتا ہے تو والدین کو مطلع کرنا چاہیئے۔ اگر تبادلے کی اجازت دی جاتی ہے، تحریری اطلاع نامے میں لازمی ہے: 1) والدین کو اس اسکول سے مطلع کیا جائے جس میں طالب علم کو تبادلے کی پیشکش کی جارہی ہے؛ اور 2) اور تبادلے کے مقام کو مطلع کیا جائے کہ طالب علم کو وہاں ایک تقرری پیش کی جارہی ہے۔

## IV. تبادلے سے متعلق دستاویز

جہاں بوجہ تحفظ تبادلے کی منظوری دی گئی ہو وہاں، بھیجنے والا اسکول، لازمی طور پر طالبانہ اندراج کے مساعد اعلی برائے برو اندراج کو منتقلی کے مقام پر اندراج میں مدد کے لئے، درج ذیل دستاویزات فراہم کرے گا:

A. مدافعتی ٹیکہ کاری کا ریکارڈ؛
B. ٹرانسکرپٹ اور / یا حالیہ رپورٹ کارڈ؛
C. طالب علم کے پروگرام کارڈ کی نقل؛ اور
D. انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) اگر قابل اطلاق ہو۔
E. §504 سہولیات کا منصوبہ، اگر قابلِ اطلاق ہو۔

## V. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو اس پتے پر بھیجنا چاہیے:

### کوئی بچہ پیچھے نہ چھوڑے تبادلوں کے لیے:

Office of School and Youth Development
N.Y.C. Department of Education
52 Chambers Street
New York, NY 10007
ٹیلیفون: 212-374-6784
فیکس: 212-374-5751

**دیگر بوجه تحفظ تبادلوں کے لیے:**

Office of Student Enrollment
N.Y.C. Department of Education
52 Chambers Street
New York, NY 10007
ٹیلیفون: 212-374-2363
فیکس: 212-374-5568

**طالب علم کو ایک اور پبلک اسکول میں تبادلہ کرنے کے حق سے متعلق خط**

مکرمی __________________________:

براہِ مہربانی آگاہ ہوں کہ یہ یقین کرنے کی وجہ ہے کہ آپکا بچہ اسکول کی املاک پر ایک پُرتشدد مجرمانہ فعل کا شکار ہوا تھا۔ کوئی بچہ پیچھے نہ چھوڑے ایکٹ کے مطابق، آپکا بچہ ایک بوجہ تحفظ تبادلے کی پیشکش کا اہل ہے جسکا تعین مناسب اسکولی افسران کے ذریعے کیا جائے گا۔ آپکو اس نوٹس کے ملنے کے پانچ دنوں کے اندر مجھ سے __________________________ پر رابطہ کرنا چاہیئے اگر آپ اپنے بچے کے تبادلے پر گفتگو کرنا چاہتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کو اسکے موجودہ اسکول میں رکھنے کا انتخاب بھی کرسکتے ہیں۔ برائے مہربانی اپنے کسی بھی سوال کے لیے مجھے بلاجھجک فون کریں۔

آپ کا نہایت مخلص،

مساعدِ اعلٰی برائے معطلی

نقل: پرنسپل
ڈائریکٹر برائے اندراج

**Department of Education**

## تبادلے کے مقام کے تعین سے متعلق خط

مکرمی _______________________:

براہِ مہربانی آگاہ ہوں کہ آپکے بوجہ تحفظ تبادلے کی درخواست کے مطابق آپکے بچے کا
______________________________________________________ میں تبادلہ کیا جائے گا، موثر ____________________-
براہِ مہربانی یہ تصدیق کرنے کے لیے کہ یا تو آپ اس تقرری کو قبول کرتے ہیں یا آپکا بچہ اپنے موجودہ اسکول ہی میں رہے گا، مجھ سے فوراً رابطہ کریں، لیکن کسی بھی صورت میں دو اسکولی دنوں سے زیادہ تاخیر سے نہیں۔ اگر آپ اس تبادلہ سائٹ کو قبول کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، میں آپکو اپنے بچے کی فوری رجسٹریشن کو یقینی بنانے کے لیے درکار معلومات فراہم کرونگا۔

بصد خلوص،

ڈائریکٹر برائے معطلی

نقل: پرنسپل (بھیجنے والا اسکول)
پرنسپل (موصول کرنے والا اسکول)

# تبادلہ بوجہ تحفظ داخلہ فارم

**تمام بوجہ تحفظ تبادلوں کے لیے اس فارم کو استعمال کرنا لازمی ہے۔ نامکمل درخواستوں پر کارروائی نہیں کی جائے گی اور آپکو فارم واپس کردیا جائے گا۔**

**طالب علم کا نام** ______________________ **تاریخ** ______________________

**طالب علم کا شناختی #** ______________ **گریڈ سطح** ______________ **تاریخِ پیدائش** ______________

والدین / سرپرست کا نام______________________ٹیلی فون______________________

پتہ (گھر #، اسٹریٹ، اپارٹمنٹ # برو اور زپ ______________________________________

______________________________________________________________

*******************************************************************************************

**اسکول**______________________________________________________

عام تعلیم یا خاص تعلیم (ایک پر دائرہ لگائیں)

گریڈ سطح ______________ کریڈٹس کی تعداد ______________

غیر حاضریاں ______________تاخیر سے آمد______________

خاص پروگرام / میجر ______________ ESL: ہاں یا نہیں (ایک پر دائرہ لگائیں)

سابقہ شرکت کیے جانے والے اسکول ______________ تاریخ (تواریخ) ______________

**ڈین کا ریکارڈ**

❒ کوئی نہیں
❒ عملے کے خلاف افعال
❒ کلاس روم میں خلل انگیزیاں
❒ منشیات سے متعلق
❒ طلبا کے خلاف افعال
❒ پرنسپل کے ذریعے معطلی / تاریخ ______________
❒ مہتمم کے ذریعے معطلی / تاریخ______________
❒ دیگر______________________________
❒ حاضری / کلاس سے غیرحاضر

مکمل کردہ بذریعہ: ______________________________________________

*******************************************************************************************

**ENROLLMENT OFFICE USE ONLY/ صرف دفتر اندراج کے استعمال کے لیے**

Approved______________________________Date______________________________

Placement ______________________________Effective Date______________________

Denied__________________________________Date____________________________

Comments____________________________________________________________

______________________________________________________________________

______________________________________________________

c: ______________________________ **AP** ______________________________Sending School

______________________________**AP** ______________________________Receiving School

Rev 6-25-09

**بوجہ تحفظ تبادلہ تفتیش فارم کا خلاصہ**

**طالب علم کا نام** ________________________ **تاریخ** ________________________

**طالب علم کا شناختی #** ________________________ **گریڈ سطح** ____________ **تاریخِ پیدائش** ____________

بوجہ تحفظ تبادلہ درخواست کی وجہ (وجوہات) **(مخصوص تفصیلات فراہم کریں)** ________________________

________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

واقعے (واقعات) میں ملوث تمام افراد کی نشاندہی کریں۔ ہر نام کے آگے لکھیں مبینہ: **S** (مشتبہ فرد)، **V** (شکار فرد)، **W** (گواہ)، **O** (دیگر)۔

________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

تفتیش کس نے انجام دی تھی؟

________________________________________________

کیا بیانات لیے گئے تھے؟ ❐ **جی ہاں** ❐ **نہیں**

اگر ہاں، کس سے؟ **(تمام افراد کی نشاندہی کریں اور بیانات منسلک کریں، اگر وہ دستیاب ہوں)** ________________________

________________________________________________

کس سے انٹرویو لیا گیا تھا؟ **(تمام افراد کی نشاندہی کریں)** ________________________

________________________________________________

براہ مہربانی ذیل میں تفتیش کے نتائج کا خلاصہ فراہم کریں:

________________________________________________

________________________________________________

واقعہ (واقعات) کے مبینہ ذمہ دار طلبا کے خلاف ، بشمول معطلی کے، کیا تادیبی کارروائی کی گئی؟

________________________________________________

________________________________________________

کیا پرنسپل / نامزد کردہ کے ذریعے ایک کانفرنس کا انعقاد ہوا تھا؟ ❐ **جی ہاں** ❐ **نہیں**

تبادلہ بوجہ تحفظ کی درخواست کی حمایت میں آپکے پاس کیا دستاویزات ہیں؟

پولیس رپورٹ **(نالش کا #، حادثہ #، امدادی رپورٹ # درج کریں)** ________________________

محکمئہ تعلیم واقعہ کی رپورٹ **(# لکھیں)**

________ بیانات

________ دیگر **(براہِ کرم درج کریں)** ________________________

رہنما مشیر/ ڈین کا نام جس نے بوجہ تحفظ تبادلہ کے سلسلے میں طالب علم کا انٹرویو لیا:

________________________________________________

**ایک گہری تفتیش کے بعد، ہم سمجھتے ہیں کہ بوجہ تحفظ تبادلہ جائز ہے۔**

**پرنسپل کے دستخط** ________________ **نائب پرنسپل کے دستخط** ________________